PHARMACIST FEDERATION (Pakistan)

Registered under Societies Registration Act, XXI of 1960, Govt. of Pakistan

https://pharmareview.wordpress.com/ and https://pharmacistfed.wordpress.com/

No.: 371-20/PPF

August 11, 2020

پاکستان کے نجی ادویاتی تعلیمی اداروں میں قانون کی مناست بالادستی۔

Enforement of Regulation in the Private Pharmaceutical Institutioin in Pakistan.

پاکستان میں نوجوان اورتوانا ماہرین ادویات بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ جو جدید ادویاتی وسائنسی علوم میں بھرپور مہارت رکھتے ہیں۔کئی فارماسسٹ ترقی یافتہ ممالک کی اعلیٰ تعلیم کے حامل ہیں۔ جومحنت، دیانت اورمہارت میں اپنی مثال آپ ہیں اوراپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے کسی مناسب موقع اورحالات کی تلاش میں ہیں۔ یہ گوہرنایاب ملک وقوم کی خدمت کے جذبہ سے سرشاراورنظام صحت میں اپنے علم وفن کا اظہار چاہتے ہیں۔

مگردوسری طرف سرکاری اداروں سے اپنی مدت ملازمت کے بعدریٹائرڈ ہونے والے تمام افسران، اساتذہ اور ماہرین ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔جنہوں نے ملک و قوم کیلیئے شاندارخدمات انجام دیں۔ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اورانکی صحت وسلامتی کیلیئے دعا گو ہیں۔مگر یہ بھی یقیناً ایک زندہ حقیقت ہے کہ طویل مسافرت اورعرصہ درازکی محنت شاقہ سے انسانی وجوداپنی صلاحیت وقابلیت کا مطلوبہ معیار برقرارنہیں رکھ سکتا۔ جسے محنت وافرادی قوت کے محکمہ جات، ماہرین عمرانیات اورمقامی وبین الاقوامی ادارے بھی تسلیم کرتے ہیں۔جس کا ہائرایجوکیشن کمیشن کے چئرمین پروفیسرڈاکٹر طارق بنوری نے مورخہ جولائی18، 2018 کے سرکاری اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کچھ یوں اظہارفرمایا کہ،

The faculty made a brief presentation on agenda items of the meeting including senate resolutions regarding tax rebate of 75 per cent for university teachers and enhancement of university teachers retirement age to 65 years; quality of research journals; university autonomy and academic freedom; university acts; appointment of Vice Chancellors and university governance; Tenure Track System (TTS) issues; and a variety of other issues.

(Chairman HEC TERMS UNIVERSITY PROFESSORS, Faculty his 'Primary Constituency')

چنانچہ فارماسسٹ فیڈریشن (پاکستان) کی مرکزی قیادت تمام ریٹائرڈ افسران، اساتذہ اور محققین کی پرسکون زندگی کی خواہش کرتے ہیں۔اور پاکستان کے پیشتر پرائیویٹ اداروں میں قانون کی مناست بالادستی کا مطالبہ کرتے ہیں۔ پاکستان فارمیسی کونسل کے متحرک ہونے اورنظام صحت کی بہتری کے لئے اپنا کرداراداکرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔اورکروڑوں روپے بٹورکرقوم کے نونہالوں کے مستقبل کوصحیح معنوں میں روشن کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

سیکرٹری **فارماسسٹ فیڈریشن** (پاکستان)

https://pharmacistfed.wordpress.com/